# 203

**II**

Total No. of Questions - 16
Total No. of Printed Pages - 4

Regd. No.

## Part - II
## URDU, Paper - II
### (Second Language)

**Time : 3 Hours]** **[Max. Marks : 100**

نوٹ : تمام سوالات کے جوابات دیئے جائیں۔ ہر سوال کے نشان محاذی درج ہیں :

.1 خط کشیدہ الفاظ کے معنی لکھتے ہوئے کسی دو اشعار کی تشریح کیجیے : $2 \times 3 = 6$

(1) کچھ یادگار شہرِ ستمگر ہی لے چلیں
آئے ہیں اس گلی میں تو پتھر ہی لے چلیں

(2) جب کشتی ثابت و سالم تھی، ساحل کی تمنا کس کو تھی
اب ایسی شکستہ کشتی پہ ساحل کی تمنا کون کرے

(3) ہم کو معلوم تھا دریا میں نہیں ہے پانی
سر کو نیزے پہ چڑھانے کے لیے آئے تھے

(4) ہر ایک سمت سے سنگِ صدا کی بارش تھی
میں چُپ رہا کہ یہی کچھ مآل میرا تھا

.2 ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیے : $1 \times 6 = 6$

(1) تعلیمِ نسواں (2) یاد

.3 کوئی ایک سوال کا جواب لکھیے : $1 \times 6 = 6$

(1) زیب النسا کی تعلیم و تربیت کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ؟ تحریر کیجیے۔

(2) بھیا کی شخصیت کا جائزہ لیجیے۔

.4 کوئی دو سوالات کے جوابات لکھیے : $2 \times 4 = 8$

(1) بیرنگ خط کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ؟ لکھیے۔

(2) شاہ صاحب کے خط میں غالب نے کن باتوں کا ذکر کیا ؟

(3) خطوط نویسی کے مختلف اقسام پر ایک نوٹ لکھیے۔

(4) عنایت اللہ دہلوی کے ترجمہ کی تعریف سرسید نے کس طرح کی ہے ؟

**5.** مندرجہ ذیل اشعار سے کسی دو کی تشریح کیجیے : **2 × 3 = 6**

(1) یوں کس طرح کٹے گا کڑی دھوپ کا سفر
سر پر خیالِ یار کی چادر ہی لے چلیں

(2) مرنے کی دعائیں کیوں مانگوں، جینے کی تمنا کون کرے
یہ دنیا ہو یا وہ دنیا، اب خواہشِ دنیا کون کرے

(3) اب جدھر دیکھیے لگتا ہے کہ اس دنیا میں
کہیں کچھ زیادہ ہے، کہیں کچھ کم ہے

(4) ہر ایک پائے شکستہ میں تھی مری زنجیر
ہر ایک دست طلب میں سوال میرا تھا

**6.** متن کے حوالے سے کسی دو کی تشریح کیجیے : **2 × 3 = 6**

(1) ''قیاس کہتا ہے کہ تاریخی نام رکھنے اور تاریخِ وفات کہنے کا رواج اسی شکل کو حل کرنے کی غرض سے پھیلا ہوگا۔''

(2) ''دوسری بات اُن کی اور زیادہ عجیب تھی، اُنہیں اپنے پڑھانے پر بجا طور پر اعتماد تھا۔''

(3) ''ہندوستانیوں نے بھی یہی عمل ہندی اور سنسکرت لفظوں کے ساتھ کیا ہے۔''

(4) ''تمام تاریخیں اور تذکرے متفق اللفظ ہیں کہ زیب النسا نے عربی اور فارسی کی تعلیم نہایت اعلیٰ درجہ کی حاصل کی تھی۔''

**7.** حسب ذیل سے کسی دو کے مختصر جواب لکھیے : **2 × 3 = 6**

(1) ''کیوڑے کا کانٹا'' سے کیا مفہوم ادا کیا گیا ہے؟

(2) شاعر نے دنیا کی رکاوٹوں کا ذکر کس کس انداز سے کیا ہے؟

(3) تلوک چند محروم کی تصانیف کے نام لکھیے۔

(4) انٹرویو کے وقت بے تکے سوالات کون کرتا ہے؟

**8.** حسب ذیل سے کسی دو کے مختصر جواب لکھیے : **2 × 3 = 6**

(1) سید سلیمان ندوی کی تصنیفات کے نام لکھیے۔

(2) شبلی نعمانی اردو کی ادبی تاریخ میں کن حیثیتوں سے مشہور ہیں؟

(3) خواجہ صاحب نے کون کونسے خطابات دیئے؟

(4) زیرک طالب علم ہر جواب کی ابتدا کس سے کرتے ہیں؟

**.9** حسب ذیل سوالات کے جواب ایک سطر میں لکھیے : **5 × 1 = 5**

(1) لفظ ''اشغال'' کے معنی کیا ہیں ؟

(2) جذبی کی کوئی ایک تصنیف کا نام لکھیے۔

(3) ناصر کاظمی کہاں پیدا ہوئے ؟

(4) سلیمان خطیب نے ''گجر کے باس'' کسے کہا ہے ؟

(5) جاں نثار اختر نے کہاں کہاں ملازمت کی ؟

**.10** ذیل کے جملوں کا ایک سطر میں جواب دیجیے : **5 × 1 = 5**

(1) ہندی نظم ''آشا'' ہماری زبان میں کیا بن گیا ؟

(2) زیب النسا کو قرآن کس خاتون نے حفظ کرایا تھا ؟

(3) شاہد احمد دہلوی کس کے پوتے تھے ؟

(4) مرزا ودود بیگ کس وجہ سے میٹرک میں اول آگئے ؟

(5) بھیا کس کا مضمون ہے ؟

**.11** اپنے والد کو خط لکھیے، جس میں اپنی تعلیمی مصروفیات کا ذکر کیجیے۔ **1 × 5 = 5**

یا

دہلی کے کسی بک ڈپو کو کتابوں کا آرڈر دے کر کتابیں منگوایئے۔

**.12** جملوں کی ساخت درست کر کے لکھیے : **6 × 1 = 6**

(a) حسب ذیل جملوں میں علامت فاعل ''نے'' کا استعمال کیجیے :

(1) ارشد حامد کو سبق پڑھایا۔

(2) احمد حمید کو نصیحت کی۔

(3) میر آگرہ سے رشتہ جوڑا۔

(4) قدرت انہیں رحلت عطا کی۔

(5) استاد شاگرد کو تاکید کی۔

(6) میں سچ کو ثابت کیا۔

(b) ذیل میں محاوروں کی شناخت کیجئے : 6 × 1 = 6

(1) آخر وقت خواجہ صاحب کی صحت جواب دینے لگی۔

(2) اس نے آنے کی خبر دی۔

(3) احمد نے حامد کا راز فاش کیا۔

(4) نافرمان اولاد والدین کی محنت و کوشش پر پانی پھیر دیتی ہے۔

(5) مقابلے میں فتح حاصل کر کے وہ پھولے نہ سمایا۔

(6) مرزا نے اپنے دوست کے خلاف کان میں رس گھولا۔

13. ذیل کے محاوروں سے کوئی چھ کے معنی لکھئے : 6 × 1 = 6

(1) ہاتھ جوڑنا
(2) دفتر کے دفتر لکھنا
(3) نو دو گیارہ ہونا
(4) لال پیلا ہونا
(5) ہمت کے پر لگانا
(6) پیوندِ خاک ہونا
(7) منہ سے پھول جھڑنا
(8) سخت کوش بنانا
(9) منہ پھیر لینا
(10) ہاتھ پیر پھولنا

14. ذیل میں سے کسی چھ الفاظ کی اِضافت لگا کر لکھئے : 6 × 1 = 6

(1) بال جبریل
(2) باد صبا
(3) شعلہ طور
(4) آداب مغرب
(5) غنچہ دل
(6) طلوع آفتاب
(7) آب حیات
(8) سودائے خام
(9) گل نغمہ
(10) آداب مشرق

15. ذیل میں سے کوئی چھ الفاظ کو سابقے یا لاحقے لگا کر لکھئے : 6 × 1 = 6

(1) مکان
(2) کتب
(3) گناہ
(4) شعور
(5) متناہی
(6) فتح
(7) آشنا
(8) آرزو
(9) آبرو
(10) عقیدت

16. درج ذیل سے کسی ایک کا جواب لکھئے : 1 × 5 = 5

مطلع اور حسن مطلع کی تعریف کیجئے اور مثالیں دیجئے۔

یا

مصرعہ اور شعر کی تعریف کیجئے اور مثالیں دیجئے۔